صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 25 جون 2015ء

روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
جمعرات 25 جون 2015ء 7 رمضان 1436 ہجری 25 احسان 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 145

دوامی عمل

حضرت علقمہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کوئی دن روزہ کیلئے مخصوص کیا کرتے تھے تو انہوں نے فرمایا نہیں۔ آپ کا عمل دوامی صورت رکھتا تھا اور تم میں سے کون ہے جو ایسی طاقت رکھتا ہو جو رسول اللہؐ رکھتے تھے۔

(صحیح بخاری کتاب الصوم باب هل يخص شيئا من الايام حديث نمبر:1851)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

اگر خدا تعالیٰ چاہتا تو...........کوئی قید نہ رکھتا مگر اس نے قیدیں بھلائی کے واسطے رکھی ہیں میرے نزدیک اصل یہی ہے کہ جب انسان صدق اور کمال اخلاص سے باری تعالیٰ میں عرض کرتا ہے کہ اس مہینہ میں مجھے محروم نہ رکھ تو خدا تعالیٰ اسے محروم نہیں رکھتا اور ایسی حالت میں اگر انسان ماہ رمضان میں بیمار ہو جائے تو یہ بیماری اس کے حق میں رحمت ہوتی ہے۔ کیونکہ ہر ایک عمل کا مدار نیت پر ہے مومن کو چاہئے کہ وہ اپنے وجود سے اپنے آپ کو خدا تعالیٰ کی راہ میں دلاور ثابت کردے جو شخص کہ روزے سے محروم رہتا ہے مگر اس کے دل میں یہ نیت درد دل سے تھی کہ کاش میں تندرست ہوتا اور روزہ رکھتا اور اس کا دل اس بات کے لئے گریاں ہے تو فرشتے اس کے لئے روزے رکھیں گے بشرطیکہ وہ بہانہ جُو نہ ہو تو خدا تعالیٰ اسے ہرگز ثواب سے محروم نہ رکھے گا۔

یہ ایک باریک امر ہے کہ اگر کسی شخص پر (اپنے نفس کے کسل کی وجہ سے) روزہ گراں ہے اور وہ اپنے خیال میں گمان کرتا ہے کہ میں بیمار ہوں اور میری صحت ایسی ہے کہ اگر ایک وقت نہ کھاؤں تو فلاں فلاں عوارض لاحق ہوں گے اور یہ ہوگا اور وہ ہوگا تو ایسا شخص جو خدا تعالیٰ کی نعمت کو خود اپنے اوپر گراں گمان کرتا ہے کب اس ثواب کا مستحق ہوگا۔ ہاں وہ شخص جس کا دل اس بات سے خوش ہے کہ رمضان آ گیا اور میں اس کا منتظر تھا کہ آوے اور روزہ رکھوں اور پھر وہ بوجہ بیماری کے روزہ نہیں رکھ سکا تو وہ آسمان پر روزے سے محروم نہیں ہے۔ اس دنیا میں بہت لوگ بہانہ جُو ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ ہم جس طرح اہل دنیا کو دھوکہ دے لیتے ہیں ویسے ہی خدا کو فریب دیتے ہیں بہانہ جُو اپنے وجود سے آپ مسئلہ تراش کرتے ہیں اور تکلفات شامل کر کے ان مسائل کو صحیح گردانتے ہیں لیکن خدا تعالیٰ کے نزدیک وہ صحیح نہیں۔ تکلفات کا باب بہت وسیع ہے اگر انسان چاہے تو اس (تکلف) کی رو سے ساری عمر بیٹھ کر نماز پڑھتا رہے اور رمضان کے روزے بالکل نہ رکھے مگر خدا اس کی نیت اور ارادہ کو جانتا ہے جو صدق اور اخلاص سے رکھتا ہے خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ اس کے دل میں درد ہے اور خدا تعالیٰ اسے ثواب سے زیادہ بھی دیتا ہے کیونکہ درد دل ایک قابل قدر شے ہے۔ حیلہ جُو انسان تاویلوں پر تکیہ کرتے ہیں لیکن خدا تعالیٰ کے نزدیک یہ تکیہ کوئی شے نہیں۔ جب میں نے چھ ماہ روزے رکھے تھے تو ایک دفعہ ایک طائفہ (۔) مجھے (کشف میں) ملا اور انہوں نے کہا تو نے کیوں اپنے نفس کو اس قدر مشقت میں ڈالا ہوا ہے۔ اس سے باہر نکل۔ اسی طرح جب انسان اپنے آپ کو خدا کے واسطے مشقت میں ڈالتا ہے تو وہ خود ماں باپ کی طرح رحم کر کے اسے کہتا ہے کہ تو کیوں مشقت میں پڑا ہوا ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 563)

تقویٰ نیکی کی قوت ہے

حضرت اقدس مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’قرآن شریف میں تمام احکام کی نسبت تقویٰ اور پرہیزگاری کے لئے بڑی تاکید ہے۔ وجہ یہ ہے کہ تقویٰ ہر ایک بدی سے بچنے کے لئے قوت بخشتی ہے۔ اور ہر ایک نیکی کی طرف دوڑنے کے لئے حرکت دیتی ہے۔ اور اس قدر تاکید فرمانے میں بھید یہ ہے کہ تقویٰ ہر ایک باب میں انسان کے لئے سلامتی کا تعویذ ہے۔ اور ہر ایک قسم کے فتنہ سے محفوظ رہنے کے لئے حصن حصین ہے۔ ایک متقی انسان بہت سے ایسے فضول اور خطرناک جھگڑوں سے بچ سکتا ہے جن میں دوسرے لوگ گرفتار ہو کر بسا اوقات ہلاکت تک پہنچ جاتے ہیں۔

(ایام الصلح۔ روحانی خزائن جلد 14 صفحہ 342)

☆..........☆..........☆

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ مریم شادی فنڈ ہے۔

مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

’’اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جا سکے گا۔‘‘ (الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہو سکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ (ناظر اعلیٰ)

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

خطبات امام وقت سوال و جواب کی شکل میں

بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2013ء

خطبہ جمعہ 22 مئی 2015ء

س: حضور انور نے خطبہ جمعہ کے آغاز میں کون سی آیت تلاوت فرمائی؟

ج: اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ ’’اے لوگو جو ایمان لائے ہو ظن سے بکثرت اجتناب کیا کرو بچا کرو۔ یقیناً بعض ظن گناہ ہوتے ہیں‘‘۔
(الحجرات: 13)

س: حضور انور نے بدظنی کے متعلق حضرت مسیح موعود کا کون سا اقتباس ارشاد فرمایا؟

ج: فرمایا! حضرت مسیح موعود نے ایک جگہ فرمایا کہ فساد اس سے شروع ہوتا ہے کہ انسان ظنون فاسدہ اور شکوک سے کام لینا شروع کرے۔ اگر نیک ظن کرے تو پھر کچھ دینے کی توفیق بھی مل جاتی ہے۔ جب پہلی ہی منزل پر خطا کی تو پھر منزل مقصود پر پہنچنا مشکل ہے۔ بدظنی بہت بری چیز ہے انسان کو بہت سی نیکیوں سے محروم کر دیتی ہے اور پھر بڑھتے بڑھتے یہاں تک نوبت پہنچ جاتی ہے کہ انسان خدا پر بدظنی شروع کر دیتا ہے۔
(تفسیر حضرت مسیح موعود جلد 4 صفحہ 218)

س: چندے کی بابت خلیفہ پر اعتراض کرنے والوں کو حضرت مصلح موعود نے کیا تنبیہ فرمائی؟

ج: حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں اس قسم کے اعتراض یعنی چندہ دینے کے بارے میں حضرت مسیح موعود پر بھی کئے گئے چنانچہ ایک دفعہ جب کسی نے ایسا ہی اعتراض کیا تو آپ نے فرمایا کہ تم پر حرام ہے کہ آئندہ سلسلے کے لئے ایک حبہ بھی بھیجو پھر دیکھو کہ خدا کے سلسلے کو کیا نقصان پہنچ سکتا ہے فرمایا میں بھی ان لوگوں کو اسی طریق پر کہتا ہوں کہ تم پر حرام ہے کہ آئندہ ایک پیسہ بھی سلسلے کی مدد کے لئے دو۔ اللہ تعالیٰ غیب سے میری نصرت کا سامان پیدا فرمائے گا اور غیب سے ایسے لوگوں کو الہام کرے گا جو مخلص ہوں گے اور جو سلسلے کے اپنے اموال قربان کرنا باعث فخر سمجھیں گے...... اگر ہم لوگوں کا روپیہ کھانے والے ہوتے تو اللہ تعالیٰ امتیازی نشان کیوں قائم فرماتا اور بغیر وصیت کے ہمیں مقبرہ بہشتی میں داخل ہونے کی کیوں اجازت دیتا۔ پس خدا نے ہماری قبریں بھی چاندی کی کر کے دکھا دیں اور لوگوں کو بتا دیا کہ تم تو کہتے ہو یہ اپنی زندگی میں لوگوں کا روپیہ کھاتے ہیں اور ہم تو ان کے مرنے کے بعد بھی لوگوں کو ان کے ذریعہ سے فیض پہنچائیں گے۔ (یعنی خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ ہم فیض پہنچائیں گے) پس اللہ تعالیٰ ہماری مٹی کو بھی چاندی بنا رہا ہے اور تم اعتراضات سے اپنی چاندی کو بھی مٹی بنا رہے ہو کہ مجھے اس بات سے سخت شرم آتی ہے کہ میں خدا تعالیٰ کے لئے کچھ چندہ دوں اور پھر کہتا پھروں کہ میں نے اتنا چندہ دیا ہے مگر چونکہ یہ ایک سوال اٹھایا گیا۔ اس لئے مجھے مجبوراً بتانا پڑا کہ اگر اپنے تمام خاندان کا چندہ ملا لیا جائے تو اس رقم سے جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ میں نے کھالی وہ پانچ گنا زیادہ رقم ہم چندے میں دے چکے ہیں اور جو رقم صرف میرے اہل و عیال کی طرف سے خزانے میں داخل ہوئی ہے وہ بھی اس سے زیادہ ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ کوئی عقلمند یہ تسلیم نہیں کرے گا کہ ہم نے پانچ گنا زیادہ رقم اس لئے خرچ کی تا اس کا پانچواں حصہ کسی طرح کھا جائیں۔ پس ان لوگوں کو جو یہ اعتراض کرتے ہیں خدا تعالیٰ کا خوف کرنا چاہئے اور اس وقت سے پیشتر اپنی اصلاح کی طرف توجہ کرنی چاہئے جبکہ ان کا ایمان اڑ جائے اور وہ دہریہ اور مرتد ہو کر مریں۔

س: حضرت مسیح موعود پر اعتراض کہ ’’آپ جماعت کا روپیہ اپنے ذاتی مصارف پر خرچ کرتے ہیں‘‘ کے متعلق حضرت مصلح موعود نے کیا ارشاد فرمایا؟

ج: حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ وہ لوگ جو ہم سے علیحدہ ہو گئے ہیں ان میں اپنے بھائیوں پر بدظنی کرنے کی عادت تھی۔ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ حضرت مسیح موعود کی نسبت کہہ گزرے کہ آپ جماعت کا روپیہ اپنے ذاتی مصارف پر خرچ کر لیتے ہیں۔ حضرت مسیح موعود کو اپنے آخری زندگی کے دنوں میں یہ بات معلوم ہو گئی تھی اور آپ نے مجھے فرمایا (یعنی حضرت مصلح موعود) کو کہ یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ لنگر کے لئے جو روپیہ آتا ہے اسے میں اپنے ذاتی مصارف میں خرچ کر لیتا ہوں مگر ان کو معلوم نہیں کہ جو لوگ میرے لئے نذروں کا روپیہ لاتے ہیں (یعنی اس بات کیلئے لاتے ہیں کہ آپ نے ذاتی طور پر خرچ کرنی ہے) میں تو اس میں سے بھی لنگر کے لئے خرچ کرتا ہوں۔ حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں میں آپ کے منی آرڈر لایا کرتا تھا اور مجھے خوب معلوم ہے کہ لنگر کا روپیہ بہت تھوڑا آیا کرتا تھا اور اتنا تھوڑا آیا کرتا تھا کہ اس سے خرچ نہ چل سکتا تھا۔ حضرت صاحب نے مجھے فرمایا تھا کہ میں اگر لنگر کا انتظام ان لوگوں کے سپرد کر دوں (یعنی جو اعتراض کرنے والے ہیں یا انجمن کے سرکردہ سمجھتے ہیں اپنے آپ کو) تو یہ کبھی اس کے اخراجات کو پورا نہ کر سکیں گے چنانچہ ایسا ہی ہوا اور اب تک بدظنی کا خمیازہ بھگتا جا رہا ہے کہ لنگر کا فنڈ ہمیشہ مقروض ہے۔ (ایک لمبا عرصہ اس بدظنی کا خمیازہ وہ لوگ جو سمجھتے تھے کہ ہم بڑا اچھا انتظام چلا سکتے ہیں وہ بھگتتے رہے اور انجمن بھی مقروض رہی لیکن کیونکہ حضرت مسیح موعود کی دعائیں بھی تھیں جماعت کے ساتھ۔ اب جو کشائش ہے جماعت کو یہ بھی حضرت مسیح موعود کی دعاؤں اور اللہ تعالیٰ کے وعدوں کا نتیجہ ہے یہ کسی کی ذاتی کوشش نہیں ہے۔ آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضرت مسیح موعود کا لنگر دنیا کے ہر ملک میں چل رہا ہے۔

س: انبیاء کے مبعوث ہونے کی کیا وجہ بیان ہوئی ہے؟

ج: فرمایا! اللہ تعالیٰ اپنے نبی دنیا میں اس لئے بھیجتا ہے کہ دنیا میں جو روحانی انحطاط شروع ہو چکا ہے اس کی اصلاح کرے جو گراوٹ لوگوں میں آ گئی ہے روحانی طور پر اس کی اصلاح کرے انبیاء اس لئے آتے ہیں اور لوگوں کو روحانی ترقیات تک لے کر جاتے ہیں۔

س: حضرت مصلح موعود نے لنگر خانے کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مسیح موعود کا کون سا ایمان افروز واقعہ بیان فرمایا؟

ج: فرمایا! حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ مجھے یاد ہے کہ جب لنگر خانے کا خرچہ بڑھا اور کثرت سے قادیان میں مہمان آنے شروع ہو گئے تو حضرت مسیح موعود کو خاص طور پر یہ فکر پیدا ہو گیا کہ اب ان اخراجات کے پورا ہونے کی کیا صورت ہوگی مگر اب یہ حالت ہے کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ایک ایک احمدی لنگر خانے کا سارا خرچ دے سکتا ہے۔ (اب یہ حضرت مصلح موعود کے زمانے کی بات ہے اور اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے مزید وسعت پیدا ہو چکی ہے) جب حضرت مسیح موعود نے زلزلے کے متعلق اپنی پیشگوئیوں کی اشاعت فرمائی تو قادیان میں کثرت سے احمدی دوست آ گئے۔ حضرت مسیح موعود بھی دوستوں سمیت باغ میں تشریف لے گئے اور وہاں خیموں میں رہائش شروع کر دی چونکہ ان دنوں قادیان میں زیادہ کثرت سے مہمان آنے لگ گئے تھے۔ ایک دن آپ نے ہماری والدہ سے فرمایا کہ اب تو روپے کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ (بہت زیادہ اخراجات شروع ہو گئے ہیں) میرا خیال ہے کہ کسی سے قرض لے لیا جائے۔ کیونکہ اب اخراجات کیلئے کوئی روپیہ پاس نہیں رہا۔ تھوڑی دیر کے بعد آپ ظہر کی نماز کے لئے تشریف لے گئے جب واپس آئے تو اس وقت مسکرا رہے تھے۔ واپس آنے کے بعد پہلے آپ کمرے میں تشریف لے گئے اور پھر تھوڑی دیر کے بعد باہر نکلے اور والدہ سے فرمایا کہ انسان باوجود خدا تعالیٰ کے متواتر نشانات دیکھنے کے بعض دفعہ بدظنی سے کام لے لیتا ہے۔ میں نے خیال کیا تھا کہ لنگر کیلئے روپیہ نہیں۔ اب کہیں سے قرض لینا پڑے گا مگر جب میں نماز کے لئے گیا تو ایک شخص جس نے میلے کچیلے کپڑے پہنے ہوئے تھے وہ آگے بڑھا اور اس نے ایک پوٹلی میرے ہاتھ میں دے دی۔ میں نے اس کی حالت دیکھ کر سمجھا کہ اس میں کچھ پیسے ہوں گے (بھاری تھی اس لئے coin کی وجہ سے سکوں کی وجہ سے اس میں وزن آ گیا اور چند پیسے ہوں گے) مگر جب گھر آ کر اسے کھولا تو اس میں سے کئی سو روپیہ نکل آیا۔

س: حضرت مسیح موعود سے رفقاء کے عشق کو حضرت مصلح موعود نے کن الفاظ میں بیان فرمایا؟

ج: حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت مسیح موعود کو دیکھا آپ کے دیکھنے والوں کو آپ سے جو محبت تھی اس کا اندازہ وہ لوگ نہیں کر سکتے جو بعد میں آئے یا جن کی حضرت مسیح موعود کے زمانے میں عمر چھوٹی تھی (اتنا شعور نہیں تھا) مگر مجھے خدا تعالیٰ نے ایسا دل دیا تھا کہ میں بچپن سے ہی ان باتوں کی طرف متوجہ تھا۔ میں نے ان لوگوں کی حضرت مسیح موعود سے محبت کا اندازہ لگایا ہے جو آپ کی صحبت میں رہے۔ میں نے سالہا سال ان کے متعلق دیکھا ہے کہ انہیں حضرت مسیح موعود کی جدائی کی وجہ سے اپنی زندگی میں کوئی لطف محسوس نہ ہوتا تھا اور دنیا میں کوئی رونق نظر نہ آتی تھی۔ حضرت خلیفہ اول جن کے حوصلے کے متعلق جو لوگ واقف ہیں جانتے ہیں کہ کتنا مضبوط اور قوی تھا وہ اپنے غموں اور فکروں کو ظاہر نہیں ہونے دیتے تھے مگر انہوں نے کئی دفعہ جبکہ آپ اکیلے ہوتے اور کوئی پاس نہ ہوتا مجھے کہا میاں جب سے حضرت صاحب فوت ہوئے ہیں مجھے اپنا جسم خالی معلوم ہوتا ہے اور دنیا خالی خالی نظر آتی ہے۔ میں لوگوں میں چلتا پھرتا اور کام کرتا ہوں مگر پھر بھی یوں معلوم ہوتا ہے کہ دنیا میں کوئی چیز باقی نہیں رہی۔

س: حضور انور نے مالی کشائش کے لئے خدا تعالیٰ کے حضور جھکنے کی بابت کیا نصائح بیان فرمائیں؟

ج: فرمایا! جماعتی کارکن جو ہیں خاص طور پر ایسے ممالک میں جہاں مہنگائی بھی بہت ہے اور غربت بھی بہت ہے ان کو نصیحت کرتے ہوئے آپ نے فرمایا خدا سے مانگیں بجائے اس کے کہ انجمن پر نظر ہو کسی کی۔ اور اس حوالے سے حضرت مسیح موعود کی ایک چھوٹی سی بات کی مثال حضرت مصلح موعود نے دی۔ فرماتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود کو بھی بہت سردی محسوس ہوتی تھی اس لئے آپ مشک کھایا کرتے تھے۔ یہ دیسی حکیموں کا نسخہ ہے مشک کھانے سے سردی دور ہوتی ہے اور جیب میں رکھ لیا کرتے تھے شیشی بھر کے اور ضرورت کے وقت استعمال کر لیا کرتے تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ ایک چھوٹی سی شیشی جیب میں آ جاتی ہے دو دو سال تک چلتی ہے لیکن جب خیال آتا ہے کہ مشک تھوڑی رہ گئی ہے اور شیشی دیکھتا ہوں تو وہ ختم ہو جاتی ہے۔ جب تک دیکھا نہیں جاتا کھاتے رہتے ہیں اور اس میں برکت پڑتی رہتی ہے فرمایا کہ جب میں دیکھتا ہوں تو کچھ عرصے بعد ختم ہو جاتی ہے۔ پس فرمایا حضرت مصلح موعود نے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو غیب سے رزق

باقی صفحہ 7 پر

نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

کتب حضرت مسیح موعود جلد 17 کے اہم سوالات

(قسط اول)

گورنمنٹ انگریزی اور جہاد

☆ جہاد کے لفظی معنی تحریر کریں۔ص 3
☆ دین کو جہاد کی کیوں ضرورت پڑی اور جہاد کیا چیز ہے؟ص 3
☆ وہ کون سے اسباب تھے جنہوں نے آنحضرت ﷺ کے وقت میں مشرکوں ، یہودیوں اور عیسائیوں کے عالموں کو حق کے قبول کرنے سے محروم رکھا؟ص 4
☆ مسلمانوں کے خلاف جابرانہ اور ظالمانہ کارروائیاں کتنے عرصہ تک جاری رہیں؟ص 5
☆ کون سا گناہ سب گناہوں سے بڑھ کر ہے؟ص 7
☆ حضرت مسیح موعود کو واجب القتل قرار دینے کا سبب کیا تھا؟ص 8
☆ جب پہلے زمانہ میں جہاد روا رکھا گیا ہے تو کیا وجہ ہے کہ اب حرام ہو جائے؟ص 8
☆ پیشگوئیوں کے مطابق مسیح موعود کا حربہ کیا ہوگا؟ص 8
☆ مسیح موعود کا زمانہ کیسا ہوگا؟ص 8
☆ مسیح موعود کی تلوار کون سی ہوگی؟ص 8
☆ قرآن شریف کے بعد اصح الکتب کون سی کتاب مانی گئی ہے؟ص 8
☆ پادریوں کے خطرناک افتراء کا نتیجہ کیا ہے؟ص 9
☆ مکہ میں دشمنوں کی خون ریزیوں پر ہمارے سید و مولیٰ ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہؓ کا صبر کرنے کا باعث کیا تھا؟ص 10
☆ وہ کون سی مردانہ صفت ہے جو کامل طور پر ہمارے نبی کریم ﷺ اور آپ ﷺ کے صحابہ سے ظہور میں آئی؟ص 11
☆ حضرت مسیح موعود نے اپنی جماعت کو ناپاک عادتوں سے پرہیز کے متعلق کیا نصیحت فرمائی؟ص 14
☆ حضرت مسیح موعود جہاد کے متعلق خدا تعالیٰ کی طرف سے کون سا حکم لے کر آئے؟ص 15
☆ مسیح کے منارہ کی حقیقت کیا ہے؟ص 16
☆ مسیح موعود کے زمانہ کی خاص علامت کیا ہے؟ص 16
☆ پادری فنڈل صاحب نے کتاب میزان الحق کب تالیف کی؟ص 21
☆ آخری زمانہ کی نسبت پہلے نبیوں نے کون سی پیشگوئی کی تھی؟ص 23
☆ مخلوق کے حقوق کی نسبت ظلم سے کیا مراد ہے؟ص 23
☆ سکھوں کے زمانہ اور گورنمنٹ انگریزی کے زمانہ میں کیا فرق تھا؟ص 24
☆ خالق کی نسبت ظلم کی وضاحت کریں۔ص 26
☆ خالق کے حق کے قائم کرنے کے لئے اور توحید کی عظمت دلوں میں بٹھانے کے لئے کون سا بزرگ نبی ملک عرب میں گزرا؟ص 27
☆ شریعت کتنے حصوں پر منقسم تھی؟ص 27
☆ شریعت کون سے حصوں پر منقسم تھی؟ص 27
☆ خدا کی عظمت اور توحید کا سرچشمہ کیا ہے؟ص 27
☆ مسیح موعود کے زمانہ میں کون سی خرابیاں کمال درجہ تک پہنچ گئی تھیں؟ص 27
☆ عیسائی عقیدہ کی رو سے کتنے اقنوم ہیں؟ص 27
☆ لقب مسیح کے معنی کیا ہیں؟ص 28
☆ لقب مہدی کے معنی بیان کریں۔ص 28
☆ مہدی لقب کس کو دیا گیا تھا؟ص 28
☆ حضرت مسیح موعود کو کتنے القاب کا وارث بنایا گیا؟ص 28
☆ حضرت مسیح موعود کے وجود میں کون سے لقب اکٹھے کر دئے گئے ہیں؟ص 28
☆ مسیح کی نسبت دنیا کے اکثر عیسائیوں کا عقیدہ کیا ہے؟ص 29
☆ ہمارے سید و مولیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ نے خدائی عظمت اور طاقت اور قدرت عرب کے بت پرستوں کے دلوں میں کس طرح قائم کی تھی؟ص 29
☆ خدا تعالیٰ حضرت موسیٰ کلیم اللہ پر کہاں ظاہر ہوا؟ص 29
☆ خدا تعالیٰ نے حضرت مسیح پر کون سے پہاڑ پر طلوع فرمایا؟ص 29
☆ خدا تعالیٰ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر کون سے پہاڑ پر چمکا؟ص 29
☆ وہ اعلیٰ وجود کون سا ہے جس کی پرستش کے لئے تمام نبی بھیجے گئے؟ص 29
☆ انسانی غلطیاں اور حقیقی تعلیم سے انحراف کیا ہے؟ص 29
☆ حضرت مسیح موعود کی صداقت کے لئے کون سی دلیل کافی ہے؟ص 29
☆ تمام نبیوں نے سچے مذہب کی کیا نشانی ٹھہرائی ہے؟ص 30
☆ توحید کا مذہب کون سا ہے؟ص 30
☆ سچا مذہب کون سا مذہب ہے؟ص 30
☆ پادریوں کی کون سی تحریرات زہریلا اثر رکھتی ہیں؟ص 30
☆ قرآن شریف کی رو سے جہاد کی تعلیم کی وضاحت کریں۔ص 31
☆ حضرت مسیح موعود نے مذاہب میں ہم آہنگی کے لئے کون سی تجاویز پیش فرمائیں؟ص 31

تحفہ گولڑویہ

☆ رسالہ تحفہ گولڑویہ شائع کرنے کی غرض بیان کریں؟ص 35 ٹائیٹل پیج
☆ رسالہ تحفہ گولڑویہ کب شائع ہوا؟ص 35 ٹائیٹل پیج
☆ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ آنحضرت ﷺ کی سچائی پر کون سی دلیل پیش کرتا ہے؟ص 40
☆ حضرت مسیح موعود کا دعویٰ منجانب اللہ ہونے اور مکالمات الٰہیہ کتنے برس سے ہے؟ص 42
☆ براہین احمدیہ کا ریویو کس نے لکھا تھا؟ص 43
☆ یہودیوں نے نعوذ باللہ حضرت مسیح کو رفع سے بے نصیب ٹھہرانے کے لئے کون سا حیلہ سوچا تھا؟ص 44
☆ خدا نے مسیح کو کیا وعدہ دیا؟ص 44
☆ مخالفین کے منصوبوں کے برخلاف خدا نے حضرت مسیح موعود کو کیا وعدہ دیا؟ص 44
☆ حضرت مسیح موعود کا عظیم الشان معجزہ بیان کریں۔ص 45
☆ حدیثوں میں مسیح موعود کے وقت میں کون سا جانور سواری کے لئے ترک کئے جانے کی پیشگوئی ہے؟ص 49
☆ حدیثوں کے مطابق مسیح موعود کے وقت میں کون سا ستارہ نکلے گا؟ص 49
☆ جملہ مکمل کریں۔ میں وہ درخت ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص 49
☆ غلام دستگیر کون تھا؟ص 50
☆ زمانہ وحی آنحضرت ﷺ کی میعاد کتنی ہے؟ص 51
☆ ابوجہل نے بدر کی لڑائی میں کیا دعا کی تھی؟ص 52
☆ صادقوں کی کیا نشانی ہے؟ص 53
☆ مسیح موعود کی مخالفت کے بارہ میں قرآن و حدیث میں کون سی پیشگوئیاں تھیں جو پوری ہوئیں؟ص 53
☆ مصلح کے ظہور کے بارہ میں قدیم سے سنت اللہ میں کون سا امر داخل ہے؟ص 54
☆ آنحضور ﷺ حضرت مسیح کے بعد کون سی صدی کے سر پر ظہور فرما ہوئے؟ص 54
☆ خدا تعالیٰ نے کون سا بڑا اصول قرآن شریف میں قائم کیا تھا جس کے ساتھ نصاریٰ اور یہودیوں پر حجت قائم کی تھی؟ص 54
☆ خدا پر افتراء کرنا کن لوگوں کا کام ہے؟ص 55 حاشیہ
☆ خدا پر افتراء کرنے والوں کا انجام کیا ہوتا ہے؟ص 55 حاشیہ
☆ حضرت مسیح موعود کے بارہ میں حافظ محمد یوسف صاحب کے دو قول بیان کریں؟ص 56
☆ حافظ محمد یوسف صاحب کی زبانی مولوی عبد اللہ صاحب کا کشف کون سی کتاب میں درج ہوا؟ص 56
☆ مولوی عبد اللہ غزنوی نے ایک خواب کی تعبیر میں حضرت مرزا غلام احمد صاحب کے بارہ میں کیا فرمایا تھا؟ص 57
☆ جملہ مکمل کریں۔انسان کو اس سے کیا فائدہ کہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔ص 57
☆ اللہ تعالیٰ نے کس نبی کے زمانہ نبوت کو سچائی کا معیار ٹھہرا دیا؟ص 58
☆ حضرت مسیح موعود کے لئے کتنے برس تک وحی کا سلسلہ جاری رکھا گیا؟ص 58
☆ خدا نے غلبہ کے بارہ میں قدیم سے کیا لکھ رکھا ہے؟ص 64
☆ حضرت مسیح موعود نے اکیس برس کے عرصہ میں کتنی کتابیں تالیف کی تھیں؟ص 66
☆ الہام میں خدا تعالیٰ نے استفتاء لکھنے والے کا کیا نام رکھا؟ص 65
☆ خدا تعالیٰ نے اول فتویٰ دینے والے کا کیا نام رکھا؟ص 65
☆ حضرت مسیح موعود نے اکیس برس کے عرصہ میں اپنے دعویٰ کے ثبوت کے متعلق کتنے اشتہارات شائع کئے؟ص 66
☆ صادقین کے لئے آسمان سے کیا چیز نازل ہوتی ہے؟ص 66
☆ خدا تعالیٰ کے دو ہاتھ جلالی و جمالی کے مظہر اتم کون ہیں؟ص 68

☆ خداتعالیٰ نے آنحضور ﷺ کی صفت جلالی کو کس کے ذریعہ ظاہر فرمایا؟ ص68
☆ خداتعالیٰ نے آنحضور ﷺ کی صفت جمالی کو کس کے ذریعہ کمال تک پہنچایا؟ ص68
☆ حضرت ابراہیم کے قدموں کی جگہ کو نماز گاہ بنانے سے کیا مراد ہے؟ ص68
☆ مسیح موعود کا نام آسمان پر کیا رکھا گیا؟ ص69
☆ مسیح موعود کس نبی کے رنگ میں جمالی طور پر دین کو پھیلائے گا؟ ص69
☆ آخر زمانہ میں کون سا فرقہ نجات پائے گا؟ ص69
☆ خداتعالیٰ کا دشمن کو ناک سے پکڑنے سے کیا مراد ہے؟ ص70
☆ حضرت مسیح موعود نے اس کا کیا جواب دیا کہ عربی میں کیوں الہام ہوتا ہے؟ ص 71
☆ خداتعالیٰ نے علم کا شہر کس کو قرار دیا؟ ص72
☆ اس سے کون سے لوگ مراد ہیں کہ ’’خدا تم میں اور تمہارے دشمنوں میں دوستی کردے گا‘‘؟ ص74
☆ حضرت مسیح موعود کے لئے عزت کے خطاب سے کیا مراد ہے؟ ص75
☆ حتی المقدور پہلا فرض مومن کا کیا ہے؟ ص75
☆ خداتعالیٰ کے نزدیک نہایت بدکون سا شخص ہے؟ ص75 حاشیہ
☆ اسم احمد کون سے اعمال کو چاہتا ہے؟ ص76 حاشیہ
☆ وہ کون سی پیشگوئی ہے جس کے بارہ میں حضور نے فرمایا کہ ہر ایک پڑھنے والا اس کو یاد رکھے؟ ص 77 حاشیہ
☆ مورخہ 3 جون 1900ء کو بوقت ساڑھے گیارہ بجے کون سا الہام ہوا؟ ص77 حاشیہ
☆ کافر کہنے والوں پر خدا کی حجت کس طرح پوری ہوئی؟ ص 77 حاشیہ
☆ شعر مکمل کریں۔ یارو جو مرد آنے کو تھا وہ تو آچکا.................. ص79
☆ شعر مکمل کریں۔ ہم اپنا فرض دوستو اب کر چکے ادا.................. ص80
☆ حضور نے اپنے اشتہار مورخہ 20 جولائی 1900ء میں کس کو اعجازی مقابلہ کی دعوت دی تھی؟ ص 87
☆ اعجازی مقابلہ کی دعوت کیا تھی؟ ص87
☆ مقابلہ کا نام اعجازی مقابلہ کیوں رکھا گیا؟ ص87 حاشیہ
☆ اعجازی مقابلہ کے اشتہار کی اصل غرض کیا تھی؟ ص89
☆ خداتعالیٰ نے قرآن شریف کے کتنے مقامات میں لفظ توفّی کو قبض روح کے موقعہ پر استعمال کیا؟ ص90
☆ حدیث کی کون سی کتاب میں متوفیك کے معنی ممیتك لکھے ہیں؟ ص90
☆ قرآن شریف کی کتنی آیات وفات مسیح کی گواہی دیتی ہیں؟ ص90
☆ تفسیر کی کون سی کتاب میں توفّی کے معنی موت کے درج ہیں؟ ص90
☆ قرآن کریم کی کون سی آیت ہے جس پر تمام صحابہؓ کا اجماع ہوا اور ایک لاکھ سے زیادہ صحابہ نے اس بات کو مان لیا کہ آنحضرت ﷺ اور کل گزشتہ نبی فوت ہو چکے ہیں؟ ص 91
☆ خَلت کے معنی خداتعالیٰ نے کیا فرمائے؟ ص 91
☆ حضرت مسیح کی وفات کے بارہ میں امام مالکؒ اور امام ابن حزمؒ نے کیا شہادت دی؟ ص 92
☆ کفار نے آنحضرت ﷺ سے کون سا معجزہ مانگا؟ ص93
☆ آنحضرت ﷺ کے فراق میں حسان بن ثابتؓ نے کون سے اشعار کہے؟ ص93
☆ صحابہ کرامؓ کی مادری زبان کون سی تھی؟ ص 93
☆ مسلمانوں کے نزدیک زندہ رسول کون ہے؟ ص94
☆ حضرت مسیح علیہ السلام نے یہودیوں کے کس خیال کو رد کیا؟ ص95
☆ ایلیا کا مصداق کس کو ٹھہرایا گیا؟ ص 95
☆ سچ کی نشانی کیا ہے؟ ص95
☆ جھوٹ کی نشانی کیا ہے؟ ص 95
☆ تمام انبیاء علیہم السلام کے افعال اور صفات کیوں نظیر رکھتے ہیں؟ ص95
☆ نصاریٰ حضرت مسیح علیہ السلام کی کس چیز کو ان کی خدائی پر دلیل ٹھہراتے ہیں؟ ص 95
☆ عقیدہ حیات مسیح کی وجہ سے مسلمانوں کو کیا نقصان ہوا؟ ص96
☆ ایلیا نبی سے مراد کون ہے؟ ص96
☆ یہودیوں کے نزدیک کس نبی کی کتاب میں ایلیا کے دوبارہ آنے کی خبر دی گئی تھی؟ ص96
☆ جب لوگوں کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بے پدر ہونے پر اشتباہ ہوا تو اللہ تعالیٰ نے دلوں کو مطمئن کرنے کے لئے کس کی نظیر پیش کی؟ ص 98
☆ مرہم عیسیٰ کن امراض کیلئے مفید ہے؟ ص 99
☆ مرہم عیسیٰ کس کے لئے تیار کی گئی تھی؟ ص99
☆ واقعہ صلیب کا ذکر حدیث کی کون سی کتاب میں درج ہے؟ ص 99
☆ کتاب سوانح یوزآسف کی تالیف کو کتنا عرصہ ہوا؟ ص100
☆ نبی یوزآسف کی کتاب کا کیا نام تھا؟ ص 100
☆ سوانح یوزآسف میں استعارہ کے رنگ میں یہودیوں کو کیا قرار دیا گیا؟ ص100
☆ یورپ کے ایک حصہ میں کس کے نام پر گرجا تیار کیا گیا؟ ص100
☆ حضرت مسیح موعود نے کشمیر سری نگر میں تحقیقات کے لئے کس کو بھیجا؟ ص100
☆ یوزآسف کے کیا معنی ہیں؟ ص100
☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس نام سے مشہور ہوئے؟ ص 100
☆ کشمیر کی پرانی تاریخ کے مطابق شہزادہ نبی کس طرف سے آیا تھا؟ ص100
☆ یوزآسف کون سے پہاڑ پر عبادت کرتا رہا؟ ص100
☆ یوزآسف کی عبادت گاہ پر لگے کتبہ پہ کیا تحریر تھا؟ ص100
☆ کشمیر کی پرانی تاریخ سے صاحب قبر کے بارہ میں کیا ثابت ہے؟ ص 101
☆ حدیث کی رو سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی کتنی عمر ثابت ہے؟ ص101
☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نام نبی سیاح کیوں مشہور ہوا؟ ص 101
☆ حضرت مسیح کے علاوہ رفع کا لفظ کس کی نسبت استعمال کیا گیا؟ ص102
☆ جو شخص خدا کی طرف بلایا جاتا ہے اس کو اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟ ص102
☆ جو شخص شیطان کی طرف دھکیل دیا جاتا ہے اس کو اصطلاح میں کیا کہتے ہیں؟ ص102
☆ مسیح کی صلیب کے بارہ میں قرآن شریف نے بحیثیت حَکم ہونے کے کیا فیصلہ کیا؟ ص102
☆ خدا کی راہ میں جان دینے کے بارہ میں آنحضرت ﷺ کی دعا میں کون سی بات داخل ہے؟ ص103
☆ رفع کے لحاظ سے تمام آسمانی کتابوں نے کون سی دو طرفیں مقرر کی ہیں؟ ص103
☆ خداتعالیٰ نے آنحضور ﷺ کو کون سی غار میں کفار کے قتل سے بچایا؟ ص104
☆ حضرت مسیح موعود نے صلیبی فتنہ کی کیا اصلیت بیان فرمائی؟ ص104
☆ پیلاطوس گورنر قیصر کی بیوی کو حضرت مسیح کے بارہ میں کیا خواب آئی؟ ص106
☆ حضرت مسیح علیہ السلام نے کشمیر کے کون سے شہر کو اپنے وجود باوجود سے شرف بخشا؟ ص106
☆ لغت عرب کی کتابوں میں مسیح کی وجہ تسمیہ کیا لکھی ہے؟ ص107
☆ ہمارے نبی ﷺ نے حضرت مسیح علیہ السلام کا کیا نام رکھا؟ ص107
☆ ہجرت کے بارہ میں حضرت مسیح علیہ السلام نے اپنے حواریوں کو کیا وصیت کی تھی؟ ص107
☆ حضرت مسیح علیہ السلام کی سیاحت کا ذکر حدیث کی کون سی کتاب میں ہے؟ ص107
☆ حضرت مسیح علیہ السلام کا پیلاطوس کے ملک میں رہنے کا زمانہ کتنا تھا؟ ص108
☆ ہجرت انبیاء علیہم السلام میں سنت الٰہی کیا ہے؟ ص108
☆ انجیلوں کے بیانات میں کیا تناقض پیدا ہوا؟ ص110
☆ انجیلوں کے بیانات میں تناقض کس وجہ سے پیدا ہوا؟ ص110
☆ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانہ کے کتنے عرصہ بعد آنحضرت ﷺ کا زمانہ آیا؟ ص110
☆ لعین کس کا نام ہے؟ ص110
☆ یہودیوں نے کس طرح خدا کے غضب کی راہ اختیار کی؟ ص 110
☆ عیسائیوں نے کس طرح ضلالت کی راہ اختیار کی؟ ص110
☆ حَکم اور حاکم میں کیا فرق ہے؟ ص111 حاشیہ
☆ سورۃ فاتحہ میں بطور اشارت مسلمانوں کو کیا سکھلایا گیا ہے؟ ص111 حاشیہ
☆ سورۃ فاتحہ میں مسیح موعود کی نسبت کون سی پیشگوئی ہے؟ ص111 حاشیہ
☆ یہود کس نبی کو اسرائیلی نبیوں سے افضل اور صاحب الشریعت سمجھتے ہیں؟ ص112
☆ انسان کی بڑی حماقت کیا ہے؟ ص112
☆ قرآن شریف میں حضرت مسیح کے رفع کا مسئلہ بیان کرنے کا مقصود کیا ہے؟ ص112
☆ یہود نے کون سی بڑی غلطی اختیار کی تھی؟ ص112
☆ ہر یک مومن کے لئے مدار نجات کیا ہے؟ ص113 حاشیہ
☆ رفع جسمانی کا خیال کس وقت نصاریٰ کے دل میں پیدا ہوا؟ ص113 حاشیہ
☆ ایمان کو صدمہ پہنچانے والا زمانہ کونسا ہے؟ ص115
☆ قرآن و حدیث کی رو سے مہدی آخرالزمان اور مسیح آخرالزمان کی نسبت کیا پیشگوئی ہے؟ ص115
☆ احادیث نے آخری زمانہ کو کتنے پیرایوں میں بیان کیا ہے؟ ص116
☆ احادیث نے آخری زمانہ کو کون سے تین پیرایوں میں بیان کیا ہے؟ ص116
☆ حدیثوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور مسیح موعود کا کیا حلیہ بیان ہوا ہے؟ ص119
☆ قرآن کریم کی رو سے شرّ البریہ کس گروہ کو قرار دیا گیا؟ ص121
☆ قرآن کے مطابق خیر البریہ کون سا گروہ ہے؟ ص121
☆ قدیم سے اور جب سے شریعتوں کی بنیاد پڑی سنت اللہ کیا ہے؟ ص121
☆ مفسرین کے مطابق دجال کس بات کا حریص ہوگا؟ ص120

☆ امت کے ربانی علماء کی نسبت آنحضرت ﷺ نے کیا فرمایا؟ص122
☆ دجال سے لڑائی اور فتح کا ذکر حدیث کی کس کتاب میں ہے؟ص122
☆ آیت استخلاف میں پہلے خلیفوں سے مراد کون ہیں؟ص123
☆ دین موسوی کے خلیفوں کی تعداد کتنی تھی؟ص123
☆ موسوی شریعت کا مسیح موعود کون ہے؟ص123
☆ اتمام نور کے لئے کون سی رات مقرر ہے؟ص124
☆ حدیث کے مطابق دین کب تک غالب رہے گا؟ص125 حاشیہ
☆ حدیث کی رو سے مسیح موعود کا ظہور کب ہوگا؟ص125
☆ مسیح موعود کا چودھویں صدی میں ظاہر ہونا کس مشابہت سے ضروری تھا؟ص125 حاشیہ
☆ محمدی سلسلہ خلافت کس سلسلہ خلافت سے مماثلت رکھتا ہے؟ص126
☆ شیخ محی الدین ابن عربی نے اپنی کتاب فصوص میں مہدی کی کون سی علامت تحریر کی ہے؟ص127 حاشیہ
☆ مثیل موسیٰ سے کون مراد ہے؟ص127
☆ حضرت ابوبکرؓ کو کاذبین کا مقابلہ کرنے میں کس سے مشابہت ہے؟ص128
☆ دلائل مفصلہ سے ثابت کریں کہ آنے والا مسیح موعود اسی زمانہ میں آنا چاہئے؟ص128
☆ مسیح موعود کے آنے کی علت غائی کیا ہے؟ص129
☆ مولوی نواب صدیق حسن خان صاحب نے اپنی کتاب حج الکرامہ میں مسیح موعود کے ظہور کے متعلق کیا لکھا ہے؟ص131
☆ مولوی نواب صدیق حسن خان صاحب نے اپنی اولاد کو کیا وصیت کی؟ص131
☆ دار قطنی کی حدیث کے مطابق آسمان پر امام مہدی کی تصدیق کے لئے کیا نشان ظاہر ہوگا؟ص132
☆ نزول کلام الٰہی کا مہینہ کون سا ہے؟ص132
☆ کسوف وخسوف کے زمانہ کو مہدیٔ معہود کا زمانہ کس نے مقرر کیا؟ص133
☆ مخالفین کسوف خسوف کے نشان کو مٹانے کے لئے کون سے تین عذر پیش کرتے ہیں اور حضور نے ان کے کیا جوابات دیئے؟ص133
☆ خدا نے حضرت مسیح موعود کی تائید میں کتنے نشان ظاہر فرمائے؟ص381 حاشیہ
☆ حدیث کسوف خسوف کی صحت کی نسبت قرآن کریم کی دو گواہیاں پیش کریں؟ص135 حاشیہ
☆ کسوف خسوف کی پیشگوئی کون سے چار پہلو رکھتی ہے؟ص136
☆ عرب کی زبان میں چاند کو کس حالت میں قمر کہہ سکتے ہیں؟ص138
☆ خدا کے نشان کن لوگوں کی تصدیق اور شناخت کے لئے ہوتے ہیں؟ص140
☆ نشانوں کی فلاسفی کیا ہے؟ص141
☆ مہدی کے ظہور کے متعلق اہل سنت اور شیعہ کا مسلّم عقیدہ کیا ہے؟ص141
☆ چودھویں صدی کس کا مصداق تھی؟ص141
☆ سنت اللہ کے مطابق نشان کس وقت ظاہر ہوتے ہیں؟ص142
☆ براہین احمدیہ میں بطور پیشگوئی کیا وعدہ دیا تھا؟ص143
☆ آنحضرت ﷺ نے مہدی کے ظہور کے لئے کون سی صدی قرار دی تھی؟ص143
☆ شعر کا ترجمہ لکھیں۔

پچھے اک ہزار دے گزرے تری سے سال عیسٰی ظاہر ہوسیا کرسی عدل کمال۔ص 144

☆ مشہور بزرگ میاں صاحب کوٹھہ والا نے مہدی کے ظہور کے بارہ میں کیا فرمایا تھا؟ص144
☆ اس امر کا ثبوت دیں کہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی ہی وہ مسیح موعود ہیں جس کا آنا چودھویں صدی کے سر پر مقدر تھا؟ص148
☆ گلاب شاہ نامی بزرگ نے مسیح موعود کے ظہور کے متعلق کیا خبر دی تھی؟ص149 حاشیہ
☆ حضرت مسیح موعود کے ذریعہ خدا کی حجت کس طرح پوری ہوئی؟ص150
☆ پیشگوئیاں جو حضرت مسیح موعود کے حق میں کمال صفائی سے پوری ہوگئیں کتنی ہیں؟ص151
☆ ماتمی نشان کے بارہ میں خدا کے پاک نبی ابتداء سے کیا خبر دیتے آئے تھے؟ص151
☆ حج الکرامۃ میں مسیح موعود کے دعاوی اور معارف کے بارہ میں کیا لکھا ہے؟ص152 حاشیہ
☆ مکتوبات امام ربانی میں مسیح موعود کی مخالفت کی نسبت کیا تحریر ہے؟ص152 حاشیہ
☆ خدا تعالیٰ نے کسوف خسوف کے نشان میں کس بات کی طرف اشارہ کیا؟ص152
☆ رسالہ انجام آتھم میں عبدالحق غزنوی کے متعلق کیا پیشگوئی تھی؟ص152
☆ پیشگوئی کے مطابق حضرت مسیح موعود کے گھر میں کتنے لڑکے پیدا ہوئے؟ص153
☆ کتاب تریاق القلوب میں کتنی پیشگوئیاں درج ہیں؟ص153
☆ ہمارے نبی ﷺ سے کتنے معجزات ظہور میں آئے؟ص153
☆ شیخ سعدیؒ بخیل کی نسبت کیا فرماتے ہیں؟ص 153,154
☆ لیکھرام کے مارے جانے کی خبر واقعہ سے کتنا عرصہ پہلے دی گئی؟ص155

☆ خدا تعالیٰ نے مسیح موعود کو کس لئے حَکَم ٹھہرایا؟ص156
☆ امام مہدی کے ذمہ اسلام کے کتنے فرقوں کی نزاعوں کا فیصلہ کرنا ہے؟ص157
☆ حج الکرامہ کی حدیث حضرت عیسیٰؑ کی کتنی عمر متعین کر رہی ہے؟ص 164
☆ کنز العمال کی حدیث فتنہ صلیب کے بعد کے زمانہ کی نسبت کیا بیان کر رہی ہے؟ص164
☆ بخت نصر کے تفرقہ کے وقت یہودی کہاں آکر آباد ہوگئے تھے؟ص165
☆ عربی میں نزیل کس کو کہتے ہیں؟ص165 حاشیہ
☆ قادیان دمشق سے کس طرف واقع ہے؟ص165 حاشیہ
☆ رجل فارسی کا جائے ظہور کہاں ہے؟ص167
☆ رجل فارسی سے کون مراد ہے؟ص167
☆ حدیث کے مطابق اصفہان سے آنے والے لشکر کی جھنڈیاں کون سے رنگ کی ہوں گی؟ص167 حاشیہ
☆ اصفہان حجاز سے کس طرف واقعہ ہے؟ص167 حاشیہ
☆ خواص کے علوم اور کشوف اور عوام کی خوابوں اور کشفی نظاروں میں کیا فرق ہے؟ص169
☆ سماوی علوم کے وارث کون لوگ کئے جاتے ہیں؟ص170
☆ اس اعتراض کا کیا جواب دیا کہ ''تمہارے مسیح موعود ہونے کا کیا ثبوت ہے''؟ص167
☆ محبت الٰہی کا نور کن لوگوں کے چہروں پر چمکتا ہے؟ص 171
☆ اس امر میں کیا بھید ہے کہ کیوں انبیاء کے علاوہ لوگوں کو بھی ان کے وقت میں سچی خوابیں آتی ہیں یا کبھی کشفی نظارے ہوتے ہیں؟ص172
☆ جملہ مکمل کریں۔''خدا نے مجھے وعدہ دے رکھا ہے کہ قیامت تک اور جب تک کہ دنیا کا سلسلہ منقطع ہوجائے۔۔۔۔۔۔۔۔''ص181
☆ خدا تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو کس نبی کا مثیل ٹھہرایا ہے؟ص 183
☆ خدا تعالیٰ نے کس سلسلہ خلافت کو خلافت موسویہ کے سلسلہ کے مشابہ قرار دیا؟ص183
☆ سلسلہ خلافت محمدیہ کا سب سے آخری خلیفہ کون ہے؟ص183
☆ حضرت ابوبکرؓ کس کے مثیل ہیں؟ص183
☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد بنی اسرائیل نے کس کی اطاعت کی تھی؟ص184
☆ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی موت کی اطلاع سب سے پہلے کس کو ہوئی؟ص184
☆ آنحضرت ﷺ کی موت پر سب سے پہلے کس نے یقین کامل ظاہر کیا؟ص184
☆ حضرت ابوبکرؓ کی شجاعت کے بارہ میں حضرت عائشہؓ کا قول بیان کریں؟ص185
☆ حضرت یشوع بن نون نے کس کو ہلاک کیا تھا؟ص184
☆ خدا تعالیٰ کے حکم دو قسم کے ہوتے ہیں وضاحت کریں۔ص185 حاشیہ
☆ جب خدا کے رسول کا کوئی خلیفہ اس کی موت کے بعد مقرر ہوتا ہے تو اس میں کس قسم کی روح پھونکی جاتی ہے؟ص185
☆ یشوع کی کتاب باب اول آیت 6 میں حضرت یشوع کو اللہ تعالیٰ کیا فرماتا ہے؟ص185
